بسم اللہ الرحمن الرحیم

# کیا تہجد کے وقت میں قضا نماز پڑھنے سے تہجد کا ثواب ملے گا؟

دارالافتاء اہلسنت (دعوت اسلامی)

## سوال

اگر کسی پر بہت قضا نمازیں ہوں اور وہ تہجد کے وقت میں قضا نمازیں پڑھے تو تہجد کا ثواب ملے گا؟ اور یہ کہلائے گا کہ تہجد پڑھی ہے؟

## جواب

تہجد کے اوقات میں قضا نمازیں پڑھنے والا تہجد پڑھنے والا نہیں کہلائے گا، کہ تہجد نفل کا نام ہے۔ ہاں! اگر تہجد کے نوافل بھی پڑھتا ہے تو یہ نوافل تہجد کہلائیں گے اور اس پر قرآن و حدیث میں منقول خاص تہجد کے فضائل و برکات حاصل ہوں گے۔ نیز اگر کوئی قضا نمازیں تہجد کے وقت میں پڑھتا ہے تو اسے چاہئے کہ دو رکعت تہجد کی بھی پڑھ لیا کرے۔

یاد رہے! بلاوجہِ شرعی نمازیں قضا کرنا، ناجائز و گناہ اور جہنم میں لے جانے والا کام ہے، لہٰذا اس پر اللہ پاک کی بارگاہ میں سچی توبہ کرنی ہوگی، نیز جتنی نمازیں قضا ہیں ان کی جلد از جلد قضا پڑھنی ہوگی، خواہ کسی بھی غیر ممنوع وقت میں ہو۔ نیز آئندہ کیلئے کوئی بھی نماز قضا کرنے سے بھی بچنا ہوگا۔

تہجد کے متعلق تفصیلی معلومات و احکام جاننے کیلئے تفصیل ملاحظہ فرما سکتے ہیں:

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

مجیب: مولانا جمیل احمد غوری عطاری مدنی

فتوی نمبر: Web-2514

تاریخ اجراء: 15 ربیع الآخر 1447ھ/09 اکتوبر 2025ء

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)
www.fatwaqa.com
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net